| Roll No. | | | | | | | | | | | | Serial No. of Q. C. A. B. |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 54 ]
Total No. of Questions : 54 ]

[ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 24
[ Total No. of Printed Pages : 24

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 66-U** **ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು**

**Code No. : 66-U** **Subject : Third Language — URDU**

ದಿನಾಂಕ : 09. 04. 2013 ] [ Date : 09. 04. 2013

ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ–12-15 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 9-30 A.M. to 12-15 P.M.

ಪರಮಾವಧಿ ಅಂಕಗಳು : 100 ] [ Max. Marks : 100

**FOR OFFICE USE ONLY**

| Q. No. | Marks | | Q. No. | Marks | | Q. No. | Marks | | Q. No. | Marks | | Q. No. | Marks |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | | | 14. | | | 27. | | | 40. | | | 53. | |
| 2. | | | 15. | | | 28. | | | 41. | | | 54. | |
| 3. | | | 16. | | | 29. | | | 42. | | | × | |
| 4. | | | 17. | | | 30. | | | 43. | | | × | |
| 5. | | | 18. | | | 31. | | | 44. | | | × | |
| 6. | | | 19. | | | 32. | | | 45. | | | × | |
| 7. | | | 20. | | | 33. | | | 46. | | | × | |
| 8. | | | 21. | | | 34. | | | 47. | | | × | |
| 9. | | | 22. | | | 35. | | | 48. | | | × | |
| 10. | | | 23. | | | 36. | | | 49. | | | × | |
| 11. | | | 24. | | | 37. | | | 50. | | | × | |
| 12. | | | 25. | | | 38. | | | 51. | | | × | |
| 13. | | | 26. | | | 39. | | | 52. | | | × | |
| | | | | | | | | | | | | ***Total Marks*** | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| **Total Marks in words** | | **Grand Total** | |
| 1. ✓ | | ✓ | ✓ |
| 2. ✓ | | | |
| *Signature of Evaluators* | *Registration No.* | *Signature of the Deputy Chief* | *Signature of the Room Invigilator* |

[ Turn over

عام ہدایات :

(i) سوال مع جواب کے کتابچہ میں معروضی (objective) اور موضوعی (subjective) قسم کے 54 سوالات ہیں۔

(ii) ہر معروضی قسم کے سوال کے لئے جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو صحیح جواب چُننا ہے اور مکمل جواب اسکے حرف تہجی کے ساتھ مہیا کی گئی جگہ میں لکھنا ہے۔

(iii) ہر موضوعی قسم کے سوال کے لئے کافی جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو سوالوں کے جواب اسی جگہ میں لکھنا ہے۔

(iv) معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

(v) پنسل سے جواب نہ لکھیں۔ پنسل سے لکھے ہوے جوابات کی جانچ نہیں کی جائے گی (سوائے گرافوں، ڈائگراموں اور میپوں کے)۔

(vi) کثیر انتخابی (multiple choice)، خالی جگہوں کو پُر کرنا اور مناسب جوڑ لگانا کے سوالوں کی حالت میں کُھرچنے / دوبارہ لکھنے / نشان لگانے کی اجازت نہیں ہے، ایسا کرنے سے آپکا جواب جانچ کے لئے نااہل سمجھا جائیگا۔

(vii) سوال پرچہ پڑھنے کے لئے '15' منٹ کا وقت الگ سے دیا جائیگا۔

## ( PART - A / حصہ - الف )

I. ذیل کے ہر سوالوں / نامکمل بیان کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے ایک صحیح جواب چُنیں اور مکمل جواب اسکے حرف تہجی کے ساتھ مہیا کی گئی جگہ میں لکھیں۔ 15 × 1 = 15

1. برائے دسویں جماعت زبانِ سوم کی اردو کتاب کا نام.............................۔

(A) آفاقِ اردو (B) آسمانِ اردو

(C) آرزوئے اردو (D) آئینۂ اردو

جواب : ________________________________

2. حضرت محمدؐ کے پیدا ہونے کی خوشخبری سنائی........................۔

(A) حضرت ابراہیمؑ نے (B) حضرت عیسیٰؑ نے

(C) حضرت موسیٰؑ نے (D) حضرت شعیبؑ نے

جواب : ________________________________

3. ماں! آپ رو رہی ہیں؟ چھوڑیئے مجھے جوتے نہیں چاہئیں۔

یہ جملہ کس نے کہا؟

(A) باپ نے (B) بھائی نے

(C) ماں نے (D) بیٹے نے

جواب : ______________________________

4. استادِ محترم سے مراد ..................

(A) شاہ اسد پیراں قادری (B) شاہ خسرو حسینی

(C) شاہ معین الدین چشتی (D) شاہ ابوالحسن ادیب

جواب : ______________________________

5. لالچ اور حماقت سے انسان........................

(A) شریف ہوتا ہے (B) ذلیل ہوتا ہے

(C) عزیز ہوتا ہے (D) جلیل ہوتا ہے

جواب : ______________________________

6. خرگوش بازی........................

(A) مار گیا (B) جیت گیا

(C) ہار گیا (D) لے گیا

جواب : ______________________________

7. جوشؔ ملیح آبادی کا خط بنام........................

(A) نیاز فتح پوری (B) اختر الاسلام اختر

(C) نمکین کاظمی (D) تمکین کاظمی

جواب : ______________________________

8. ''ہر پھل مفید ہے کوئی بیکار نہیں''

یہ جملہ کس پھل نے کہا؟

(A) سیوئے نے کہا
(B) شریفہ نے کہا
(C) آم نے کہا
(D) انگور نے کہا

جواب : ________________________________

9. ہمارے قومی کھیل کا نام

(A) کرکٹ
(B) ہاکی
(C) فٹ بال
(D) باسکٹ بال

جواب : ________________________________

10. جس میں شاعر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں خلوصِ دل کے ساتھ اپنی بہتری اور بھلائی کیلئے گڑگڑا کر دُعائیں مانگتا ہے۔ اس نظم کو کہتے ہیں۔

(A) غزل
(B) رباعی
(C) مناجات
(D) نعت

جواب : ________________________________

11. حضرت مولانا مفتی محمد اشرف علی صاحب باقوی اشرفؔ سعودی مدظلہٗ مہتمم ہیں..................

(A) دارالعلوم باقیات صالحات ویلور
(B) دارالعلوم دیوبند
(C) دارالعلوم اشرفیہ
(D) دارالعلوم سبیل الرشاد

جواب : ________________________________

12. ٹہنی پہ کسی شجر کی تنہا

(A) بلبل تھا کوئی اداس بیٹھا
(B) حاضر ہوں مدد کو جان و دل سے
(C) اللہ نے دی ہے مجھ کو مشعل
(D) ہر چیز پہ چھا گیا اندھیرا

جواب : ________________________________

13. اکبرؔ الٰہ آبادی اردو کے اچھے ........................شاعر ہیں

(A) انشائیہ
(B) مزاحیہ
(C) عوامی
(D) سیاسی

جواب : ________________________________

14. دنیا کی سب سے بڑی دولت..................

(A) عزت (B) روپیہ

(C) جائیداد (D) تندرستی

جواب : ______

15. روک لو گر غلط چلے کوئی

(A) ابن مریم ہوا کرے کوئی (B) کس کی حاجت روا کرے کوئی

(C) کیوں کسی کا گلہ کرے کوئی (D) بخش دو گر خطا کرے کوئی

جواب : ______

## ( PART - B / حصہ - ب )

II. درجہ ذیل خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے : 5 × 1 = 5

16. ہاکی کے عالمی ادارہ کا نام........................ہے۔

______

17. اگر میرا برتن مر گیا تو اسکی........................ہی بھیج دو۔

______

18. اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سبق کے مصنف کا نام........................ہے۔

______

19. آتشِ عشقِ نبی میں جل کے........................پانے کا نام۔

______

20. غزل کے آخری شعر کو جسمیں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے،..................کہتے ہیں۔

______

III. 21. حصہ 'الف' اور حصہ 'ب' کا مناسب اور موزوں طور پر جوڑ لگائیں اور فراہم کی گئی جگہ پر صحیح جواب لکھیں: 5 = 1 × 5

| | (الف) | | (ب) |
|---|---|---|---|
| (i) | حضرت محمدؐ کے والد ماجد کا نام | (a) | قریش کے سردار تھے |
| (ii) | عبدالمطلب | (b) | رسول بننے والے تھے |
| (iii) | آپؐ کی والدہ ماجدہ کا نام | (c) | حضرت ابراھیمؑ نے کی تھی |
| (iv) | جس کے پیدا ہونے کی دُعا | (d) | بی بی آمنہ تھا |
| (v) | ساری دنیا کی قوموں کے | (e) | عبداللہ تھا |

جواب : i) ______

ii) ______

iii) ______

iv) ______

v) ______

IV. درج ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھیے: 8 = 1 × 8

22. رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کہاں ہوئی؟

______

______

23. فرشتہ کہاں آ کر رک گیا؟

24. مولانا ادیبؔ سے ملنے اسد پیراں کہاں گئے؟

25. سیٹھ نے ملاّ نصیرالدین کو برتن کس شرط پر دیا ؟

26. پھل ''آم'' کا وطن کونسا ہے؟

27. قاضی نے گواہی کیلئے کس کو بلایا؟

28. کن فکاں سے کیا مراد ہے ؟

29. جگنو نے بلبل سے کیا کہا؟

V. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھیں: $15 \times 2 = 30$

30. خرگوش بازی کیوں ہار گیا؟

31. رسولِ مقبولؐ کے والدین کون تھے؟

32. عید کی صبح بچّے نے اپنی ماں سے کیا کہا؟

33. ان الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کرو:

i) اوجھل ہونا

ii) پھولے نہ سمانا

34. ان الفاظ کے معانی لکھیں:

i) گرویدہ

---

---

ii) کیریاں

---

---

35. ان کے جمع لکھیں:

رب

---

بندہ

---

انقلاب

---

حادثہ

---

36. مذکر مونث الگ کر کے لکھیں:

پانی

---

شور

---

چادر

---

کف

---

37. ان کے اضداد لکھیں:

تیرگی

---

جلوت

---

دنیا

---

زمیں

---

38. ان الفاظ کی صحیح املا لکھیں:

i) خاضی

---

ii) ادالت

---

iii) شقص

---

iv) درقت

---

39. درج ذیل حروف کو ترتیب دے کر صحیح لفظ بنا کر لکھیں:

i) ت خ ر د

---

ii) م ا د ا

---

40. درج ذیل سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے دو دو الفاظ بنائیں:

| لاحقے | سابقے |
| --- | --- |
| ناک، کار | بے، کم |
| پوش، کوش | بن، لا |

41. اس شعر کی تشریح کریں:

نہ چھیڑ اے ہم نشیں کیفیت صہبا کے افسانے
شرابِ بے خودی کے مجھ کو ساغر یاد آتے ہیں

42. ''حرف'' کی تعریف کریں اور مثال بھی دیں۔

43. ''نئی روشنی'' سبق سے آپ کو کیا سبق ملتا ہے؟

44. مطلع اور بیت الغزل کی تعریف کریں۔

VI. درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھیں : 5 × 3 = 15

45. یہ جملہ کس نے کس سے کہا:

کنویں کے مینڈک کی طرح میرا وطن چھوٹا سا نہیں۔

46. اس جملہ کی وضاحت کریں:

تم کو پتہ ہی نہیں درخت تو آ کر گواہی دے گیا۔

47. کسی ایک شاعر کا تعارف کرائیں:

i) اشرف سعودی

ii) اکبرالہٰ آبادی

.48 کسی ایک تخلیق کار پر روشنی ڈالیں:

i) سید سلیمان ندوی

ii) خلیل احمد

49. کسی ایک پھل کا اظہار خیال آپ اپنے الفاظ میں لکھیں۔

VII. کسی دو کے تفصیلی جوابات لکھیں : 2 × 4 = 8

50. حمد یا نعت کے چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھیں۔

51. اس رباعی کا خلاصہ آپ اپنے الفاظ میں لکھیں:

تسبیح و دُعا میں جس نے لذّت پائی
اور ذکرِ خدا سے جس نے راحت پائی
کوئی نہیں خوش نصیب اس سے بڑھکر
بس دونوں جہاں کی اس نے نعمت پائی

(اکبرالہٰ آبادی)

52. اپنے والدین کے نام ایک خط لکھیں جسمیں اپنی تعلیم کا ذکر ہو۔ 5

53. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں: 5

(i کاش! میں ڈاکٹر ہوتا/ ہوتی۔

(ii تعلیم کی اہمیت

4 × 1 = 4

54. اس اقتباس کوغور سے پڑھئے اور نیچے لکھے ہوئے سوالات کے جوابات دیں:

**اس ظلمتِ شب کا ہوسویرا کیسے؟**

اسلام سے قبل بیٹی کا پیدا ہونا عار سمجھا جاتا رہا اس لئے وہ زندہ دفن کی جاتی رہی غرض کہ عورت کے حقوق مکمل طور سے پامال ہو چکے تھے۔ ایسے دور میں اللہ تعالیٰ نے حضرت محمدؐ کو پیدا فرمایا۔

آپ نے عورت کے مقام کو پستیوں سے اٹھا کر بلندیاں عطا کیں۔ بہن ہے تو گھر کی زینت، بیوی ہے تو شریکِ حیات، بیٹی گھر کی جنت اور ماں کے قدموں کے نیچے جنت رکھ دی مگر موجودہ ٹکنالوجی عورت کے لئے لعنت ثابت ہو رہی ہے۔

سوالات:

i) اسلام سے پہلے بیٹی کا پیدا ہونا کیا سمجھا جاتا رہا ؟

______________________________

______________________________

______________________________

ii) اللہ نے حضرت محمدؐ کو کیسے زمانے میں پیدا فرمایا ؟

______________________________

______________________________

______________________________

iii) حضورؐ نے عورت کو کیا مقام عطا کیا ؟

______________________________

______________________________

______________________________

iv) موجودہ ٹکنالوجی عورت کیلئے کیا ثابت ہو رہی ہے؟

______________________________

______________________________

______________________________